## ایم کیوایم نے غریب و متوسط طبقہ کے باصلاحیت نوجوانوں کو ایوانوں میں بھیج کر موروثی سیاست کے طلسم کو توڑا ہے، الطاف حسین

## ایم کیوایم ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام، مذہبی انتہاپسندی، فرقہ واریت اور کرپشن کا خاتمہ چاہتی ہے

## ایم کیوایم کا اقتدار آیا تو وہ پورے ملک سے کرپٹ لوگوں کو فارغ کرے گی، 1947ء سے اب تک جن لوگوں نے بھی اربوں کھربوں روپے کے قرضے معاف کرائے ہیں ان کی جائیدادیں فروخت کرکے وہ پیسہ سرکاری خزانہ میں ڈالا جائے گا

## صوبائی خودمختاری کا مطالبہ کرتے رہینگے، کنکرنٹ لسٹ کا خاتمہ کرینگے، جنوبی پنجاب کے عوام کے ساتھ ناانصافی کا خاتمہ کیا جائے

## رشید جمال کی مرتب کردہ کتاب ''Pictrorial Biography of Altaf Hussain'' کی تقریب رونمائی سے خطاب

کراچی ۔۔۔ 28 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے غریب و متوسط طبقہ کے باصلاحیت نوجوانوں کو ایوانوں میں بھیج کر ملک میں موروثی نظام سیاست کے طلسم کو توڑا ہے، ایم کیوایم ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام، مذہبی انتہاپسندی، فرقہ واریت اور کرپشن کا خاتمہ چاہتی ہے اور اگر ملک میں ایم کیوایم کا اقتدار آیا تو وہ پورے ملک سے کرپٹ لوگوں کو فارغ کرے گی اور 1947ء سے اب تک جن لوگوں نے بھی اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرائے ہیں ان کی جائیدادیں فروخت کرکے وہ پیسہ سرکاری خزانہ میں ڈالا جائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج کراچی کے مقامی ہوٹل میں ممتاز صحافی رشید جمال کی مرتب کردہ کتاب '' Pictrorial Biography of Altaf Hussain '' کی تقریب رونمائی سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، صوبائی وزراء، امریکہ، روس، جرمنی، جاپان، فرانس، کوریا، سعودی عرب، قطر، کویت اور بحرین کے قونصلیٹ جنرلز، ارکان اسمبلی، ممتاز دانشوروں، تاجروں، صنعتکاروں، ادیبوں، شاعروں اور عمائدین شہر کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال، صوبائی وزیر بلدیات آغا سراج درانی، رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ، جاپان کے قونصلیٹ جنرل اکینوری واڈا، جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم نے خطاب کیا جبکہ تحریک پاکستان کے کارکن اور ممتاز دانشور اور نقاد ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے تقریب کی صدارت کی۔ اجتماع سے اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کی سیاست میں نئی نئی روایات کو جنم دیا، ایم کیوایم نے ہفتہ صفائی منایا، غریب اور ناداروں کی امداد مفت بازار کا انعقاد کیا جہاں غریب و نادار لوگوں نے اپنی مرضی اور ضرورت کے مطابق امدادی سامان مفت حاصل کیا، ایم کیوایم نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ''مفت بازار'' کی ٹرمنالوجی متعارف کرائی، ایم کیوایم نے ماہِ رمضان میں سستے پھلوں اور سبزیوں کے اسٹال لگائے جہاں پھل، سبزیاں بازار کے مقابلے میں انتہائی سستے نرخوں پر دستیاب ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کا مطلب ''عوام کی حکمرانی، عوام میں سے اور عوام کیلئے ہے'' لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں ڈیموکریسی کے بجائے ''فیوڈوکریسی'' رائج ہے، جس کا مطلب ''حکومت فیوڈلز کی، فیوڈلز میں سے اور فیوڈلز کیلئے'' ہے۔ ایسے جاگیردارانہ نظام میں غریب و متوسط طبقہ سے ایک طلبہ تنظیم کا قائم ہونا اور اس کا ایک عوامی جماعت کو جنم دینا بھی ایک انوکھی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے غریب و متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو منتخب کرواکے انہیں اسمبلیوں میں جاگیرداروں اور وڈیروں کے برابر بٹھایا جس کی پاکستان کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے علاوہ کسی اور جماعت کو گورنرشپ کی پیشکش ہوتی تو اس جماعت کا سربراہ اپنے کسی بھائی، بھتیجے یا خاندان کے کسی فرد کو گورنر بناتا لیکن ایم کیوایم کو گورنرشپ کی پیشکش ہوئی تو ڈاکٹر عشرت العباد کو اس منصب پر فائز کیا گیا جو نہ الطاف حسین کے بھائی بھتیجے ہیں نہ رشتہ دار ہیں، نہ جاگیردار یا وڈیرے کے بیٹے ہیں بلکہ ایک مڈل کلاس گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کا انتخاب صرف اور صرف میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان میں موروثی سیاست ہے، کسی جماعت کا سربراہ خود وزیراعظم ہے تو بھائی وزیراعلیٰ ہے، ایک ہی خاندان کے لوگ وفاقی اور صوبائی سطح پر وزارتوں اور اعلیٰ منصب پر ہوتے ہیں لیکن ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو موروثی سیاست کے خلاف ہے، آج تک الطاف حسین کا کوئی بھائی، بھتیجا، بہن اسمبلی کے ممبر نہیں بنے۔ ایم کیوایم نے موروثیت اور سفارش کے طلسم کو توڑا، سٹی ناظم بننے سے قبل کسی نے مصطفیٰ کمال کا نام تک نہیں سنا تھا۔ مصطفیٰ کمال ایک پڑھے لکھے نوجوان اور عام کارکن تھے، 19 جون 1992ء کے آپریشن کے بعد جب نائن زیرو دوبارہ کھلا تو مصطفیٰ کمال نائن زیرو کے ٹیلیفون آپریٹر تھے، ایم کیوایم نے یہ نہیں دیکھا کہ مصطفیٰ کمال کے پاس دولت و جائیداد ہے یا نہیں بلکہ ان کا انتخاب صرف اور صرف میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا۔ مصطفیٰ کمال نے اپنی صلاحیتوں کی بناء پر جتنے ترقیاتی کام کرائے ہیں اتنا کام پاکستان کے کسی اور میئر نے نہیں کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پڑھے لکھے، باصلاحیت، باکمال اور ہنرمند لوگوں کی جماعت ہے جس نے ایسے باصلاحیت لوگوں کو جو پیسہ نہ ہونے کے باعث انتخاب نہیں لڑ سکتے تھے منتخب کراکے ایوانوں میں بھیجا جو آج وفاقی اور صوبائی سطح پر عوام کی بہترین خدمت کررہے ہیں، ایم کیوایم ایک صحیح جمہوری جماعت ہے جو ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام، مذہبی انتہاپسندی، فرقہ واریت

کے خاتمہ اور کرپشن سے پاک نظام کے قیام کی جدوجہد کررہی ہے۔ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے اپنے زیراثر علاقوں سے فرقہ واریت کے عفریت کا خاتمہ کردیا اورکوئی کسی سے نہیں پوچھتا کہ اس کا فقہ،مسلک یا مذہب کیا ہے۔ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ جو بھی پاکستان کا شہری ہے اسے رنگ ،نسل ،زبان ،قومیت ،جنس ،فقہ،مسلک اور مذہب کے امتیاز کے بغیر یکساں حقوق ،عزت اوراحترام ملنا چاہیے اورسب کے ساتھ برابری کا سلوک ہونا چاہیے ،ایم کیوایم چاہتی ہے کہ کراچی سمیت پورے ملک سے فرقہ واریت کی لعنت اور مذہبی انتہا پسندی کا خاتمہ ہو، کرپشن اور فیوڈل ازم کا خاتمہ ہو۔انہوں نے کہا کہ اگر ملک میں ایم کیوایم کا اقتدار آیا تو وہ پورے ملک سے کرپٹ لوگوں کو فارغ کرے گی اور 1947ء سے اب تک جن لوگوں نے بھی اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرائے ہیں ان کی جائیدادیں فروخت کرکے وہ پیسہ سرکاری خزانہ میں ڈالا جائے گا۔فرقہ واریت کا خاتمہ کیا جائے گا اور مساجد میں ایسی تقاریر پر مکمل پابندی ہوگی جن میں کسی دوسرے فقہ کے ماننے والوں کے جذبات مجروح ہوں ،مخالف فقہ کے ماننے والوں کو کافر کہنے والوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سزا دی جائے گی ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم صرف سندھ تک محدود نہیں بلکہ آج پنجاب کا ایسا کوئی ڈسٹرکٹ نہیں ہے جہاں ایم کیوایم کا یونٹ نہ ہو، بلوچستان اور صوبہ سرحد میں ایم کیوایم کے کارکنان موجود ہیں ،اسی طرح گلگت ، چترال ،اسکردو، دیگر شمالی علاقہ جات حتیٰ کہ فاٹا میں بھی ایم کیوایم کے لوگ موجود ہیں ۔ایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کی جو فلاسفی متعارف کرائی وہ پھیل رہی ہے اور آج ملک کے ہرعلاقے میں ہر جماعت کے کارکنان میں یہ بات ہورہی ہے کہ آخر ہم کب تک لیڈروں کیلئے دریاں ، بچھاتے رہیں گے ،بینرجھنڈے باندھتے رہیں گے اور قربانیاں دیتے رہیں گے؟ آخر ہمارا نمبر کب آئے گا ؟انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ ایک وقت آئے گا جب پورے ملک میں ایم کیوایم کا پیغام گونجے گا اور ہم پاکستان میں صحیح جمہوری نظام قائم کریں گے اور پاکستان کو کرپشن سے پاک ملک بنائیں گے ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب تک صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری نہیں ملتی ہم صوبائی خودمختاری کا مطالبہ کرتے رہیں گے اور ہمیں موقع ملا تو ہم کنکرنٹ لسٹ کا خاتمہ کریں گے ۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کے ساتھ ناانصافی کا خاتمہ کیا جائے ، جنوبی پنجاب کیلئے بجٹ میں اضافہ کیا جائے اور وہاں کے عوام کی خوشحالی کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں ۔انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ذمہ داروں کو ہدایت کی کہ وہ فیصلہ کرتے وقت پسند ناپسند کے بجائے ہمیشہ میرٹ کو سامنے رکھیں ۔انہوں نے ایم کیوایم کے تمام منتخب نمائندوں کو بھی تلقین کی کہ وہ ایمانداری سے کام کریں اور عوام کی بلاامتیاز خدمت کریں ۔انہوں نے تاریخی تصاویر پر مبنی کتاب مرتب کرنے پر رشید جمال کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اوران کی کاوش کو انوکھا قرار دیا۔انہوں نے شاندار تقریب کے انعقاد پر تمام ذمہ داران وکارکنان کو خراج تحسین پیش کیا اور تقریب میں شرکت پر تمام سفارتکاروں ،تاجروں ،صنعتکاروں ،ادیبوں ،شاعروں ،دانشوروں اور فنکاروں سمیت تمام شرکاء کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

## الطاف حسین کی تصویری سوانح عمری کی تقریب رونمائی /مقررین کا خطاب

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28،جولائی 2009ء

گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ایک فطری قائد اور سیاسی رہنماء ہیں جنہوں نے انتہائی نامساعد حالات میں تحریکی جدوجہد جاری رکھی اور ملک وقوم کی خدمت کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ حقائق کو جھٹلانا ایک حماقت ہے الطاف حسین محض سیاسی شخصیت نہیں بلکہ اپنے وجود میں ایک ادارہ بھی ہیں جن میں نہ صرف جدوجہد ملے گی بلکہ کثیر المقاصد بھی ملیں گے ۔یہ بات انہوں نے منگل کے روز مقامی ہوٹل میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی شخصیت اور زندگی کے حوالے سے نوجوان مصنف رشید جمال کی مرتب کردہ تصویری سوانح حیات کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔

گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد اور ایم کیوایم کو زمانے بھر میں رسوا کرنے کی مہم چلائی گئی تھی اور میں نے الطاف حسین کو اس موقع پر جوائن کیا۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین لندن میں انتہائی خستہ حالات میں تحریکی جدوجہد جاری رکھی انتہائی نامساعد حالات میں ملک وقوم کیلئے کام کیا۔انہوں نے کہا کہ حقائق کو جھٹلانا ایک حماقت ہے الطاف حسین ایک ارادہ ہیں ۔الطاف حسین نے بڑے لوگوں کے بگڑے ہوئے بچے کی طرح محض تفریح کیلئے سیاسی جماعت نہیں بنائی بلکہ چھوٹے سے گھر سے اپنی تحریک کا آغاز کیا۔الطاف حسین ایک فطری لیڈر اور قومی رہنماء ہیں ۔انہوں نے کہا کہ الطاف کارکنوں سے 99.99 فیصد تک مشورے کرتے ہیں اور اس کی روشنی میں ہی فیصلہ کرتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ جب الطاف حسین نے کراچی میں طالبانائزیشن کے خدشہ کا اظہار لندن سے کیا تو اس کو مذاق میں لیا گیا جو بعد میں سچ ثابت ہوا۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کی سخت ترین محنت اور جدوجہد کے بعد اب دنیا نے الطاف حسین اور ایم کیوایم کو بلاآخر تسلیم کرلیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا دل اور لائف لائن ہے اس کو متحرک اور قائم رکھنا یہ کمال الطاف حسین کا ہے جس کی وجہ سے آج پاکستان قائم ودائم ہے ۔گورنرسندھ نے کہا کہ پاکستان میں لیڈرشپ کا کوئی فقدان نہیں ہے جب تک الطاف حسین ہمارے درمیان موجود ہیں ان میں صاف شفاف حکومت چلانے کی مکمل صلاحیت ہے اور عوام کو بہت کچھ دے سکتے ہیں ۔انہوں نے رشید جمال کو سوانح عمری مرتب کرنے پر ان کے اس جذبے کو سراہا۔

رکن رابطہ کمیٹی وصوبائی وزیر شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کہا کہ الطاف حسین نے کچھ غلط بیانی سے کام نہیں لیا اور ہمیشہ سچ بولا ہے وہ نائن زیرو کی گلی میں ہوں یا کسی ٹارچر سیل میں ہوں۔ جناب الطاف حسین نے اپنے کارکنوں کے ساتھ گٹر تک صاف کئے ہیں اس کی مثال دنیا بھر کی سیاسی تحریک میں نہیں ملتی اور نہ ہی ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس صدی میں جناب الطاف حسین جیسا ذہن رکھنے والا کوئی لیڈر نہیں ہے۔ جناب الطاف حسین کی قیادت میں پاکستان دن رات ترقی کریگا بلکہ خوش حال بھی ہوگا۔

بزرگ دانشور ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے جناب الطاف حسین کی سوانح عمری پر مشتمل کتاب پر اپنے خیال کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ایک غیر معمولی کتاب ہے اس کی ایک خوبی ان تصاویر کی ترتیب بھی ہے اور ایسا لگتا ہے کہ یہ تصویریں ہم سے بات کرتی ہیں اور ہمیں دیکھ کر مسکراتی ہیں اور اپنے وقت کا حال بیان کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے الطاف حسین کو اے پی ایم ایس او کے قیام سے قبل سے جانتا ہوں اور اس وقت جب وہ لٹر کپن میں تھے اور اپنی تحریک کے لئے جان بھی دینے کیلئے تیار تھے مجھے فخر ہے کہ میں نے الطاف حسین کی ایک کتاب کی تقریب میں صاحب صدر تھا یہ ایک بہت بڑی تقریب تھی اس کتاب کو دیکھنے سے محسوس ہوتا ہے کہ یہ آپ سے بات کررہی ہے دیکھ رہی ہے اور مسکرارہی ہے۔

شیخ الجامعہ ڈاکٹر پیرزادہ قاسم نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ ایک پروقار تقریب ہے۔ رشید جمال اور ان کی ٹیم نے جس سلیقہ سے یہ کتاب مرتب کی ہے اس میں تمام قواعد وضوابط کا مکمل خیال رکھا ہے۔ ہمارے عہد میں زندہ ہر شخص کو اس کتاب پر خوشی کا اظہار کرنا چاہئے۔ میری جامعہ کراچی سے فارغ تحصیل طالب علم الطاف حسین کی تصویری سوانح عمری پر مشتمل ہے جس کے باعث مجھے اس کی اشاعت پر دوہری خوشی ہوئی ہے۔ اس کتاب میں سچائی کا تصور ہے سوچتی آنکھیں اور خواب ہیں جو ہمارے ملک پاکستان کے لئے ہے یہ ہمارے لئے ایک مثالی عمل بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین اپنی فکر اور سوچ کو عوام میں منتقل کررہے ہیں تربیتی نشست کی مثال صرف ایم کیو ایم میں ہے۔

ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ یہ خیال محض جناب الطاف حسین کی تصاویر پر مشتمل نہیں ہے بلکہ یہ تحریک کے دوران ان پر آنے والے اتار چڑھاؤ اور جدوجہد کی سچی کتاب ہے جس کو پڑھا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کتاب اس کا پتہ دیتی ہے کہ جناب الطاف حسین کی زندگی میں کوئی ٹھیراؤ نہیں آیا۔ دنیا میں بہت کم لیڈر ہیں جو ہر طرح کے حالات کا سامنا کرتے ہیں اور کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ الطاف حسین مختلف شعبہ زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے ماڈل ہیں اور آج دنیا ان کی شخصیت اور کارناموں کا مطالعہ کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوانح عمری کی ہر تصویر کی اپنی ایک الگ کہانی ہے۔ الطاف حسین اللہ تعالیٰ کی ہمارے لئے دین ہیں۔ ہماری ذہنی قوت اس قابل نہیں ہے کہ ہم الطاف حسین کی شخصیت کا مکمل اندازہ کرسکیں۔ الطاف حسین کا گناہ یہ ہے کہ وہ کسی جاگیردار کے گھر میں پیدا نہیں ہوا یہ 120 گز کے گھر سے ملک کے مظلوموں کے لئے سوچتا ہے، اس نے پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کی اور جاگیرداروں کو للکارہ۔ الطاف حسین کا ایک گناہ یہ بھی تھا کہ اس نے اپنے کسی رشتہ دار کو اعلیٰ یا ادنیٰ عہدہ نہیں دیا۔ اس نے خود جھاڑو لگائی اور جلسہ میں دریاں بچھائیں۔ آج سندھ میں امن وامان ہے تو صرف ایم کیو ایم اور الطاف حسین کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر الطاف حسین اس ملک کے خیر خواہ نہیں ہوتے تو ملک کو غیر مستحکم کرنے کا اس سے اچھا موقع کون سا ہوسکتا تھا جب پورے ملک میں عدم استحکام ہے لیکن الطاف حسین نے ہمیشہ استحکام پاکستان اور امن کی بات کی ہے۔

صوبائی وزیر بلدیات آغا سراج درانی نے کہا کہ الطاف حسین کی تصویری سوانح عمری کی اشاعت پر میں اپنی اور صدر آصف علی زرداری اور دیگر رہنماؤں کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس کتاب میں الطاف حسین کی ساری زندگی نظر آئیگی جسے دیکھ کر لگتا ہے کہ ہم کوئی تحریری کتاب پڑھ رہے ہیں، الطاف حسین اور بے نظیر بھٹو کا مقصد یہ ہی ہے کہ صوبہ سندھ کو آگے لے جائیں اور اس کی ترقی کے لئے مل جل کر کام کریں۔ میں الطاف حسین کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ وہ لندن میں بیٹھ کر بھی سندھ اور پاکستان کی بہتری کیلئے اچھا کام کررہے ہیں۔

کراچی میں متعین جاپان کے قونصل جنرل اکی نوری واڈا نے کہا کہ میرے لئے یہ ایک اعزاز کی بات ہے کہ میں آج الطاف حسین کی سوانح عمری کی کتاب کی تقریب رونمائی میں شریک ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ماڈرن ملک بن رہا ہے جاپان نے بھی رات ودن میں ترقی نہیں، ایم کیو ایم بہت منظم اور سیاسی جماعت کے طور پر سامنے آئی ہے اور دنیا بھر میں اپنی ایک شناخت رکھتی ہے۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن توانائی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال سے لے،خوش بخت شجاعت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے حالات زندگی پر مشتمل تصویری بائیوگرافی کی تقریب رونمائی منگل کے روز مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی سب سے پر جوش خطاب ناظم کراچی مصطفیٰ کمال نے کیا۔ان کے خطاب کے دوران ہوٹل کا ہال بار بار تالیوں سے گونجتا رہا۔الطاف حسین کے خطاب کے بعد تقریب کی میزبان اور حق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت نے پرمزاح انداز میں کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کو کتنی بجلی چاہیۓ وہ مصطفیٰ کمال سے لے لے کیونکہ ان میں بہت ہی توانائی ہے۔خوش بخت شجاعت کے ان الفاظ کے ساتھ ہی ہال میں تالیوں اور قہقہوں سے گونج اٹھا۔

## مصطفیٰ کمال با کمال ہے،تقریب کے شرکاء سے الطاف حسین کا سوال

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28،جولائی 2009ء

تقریب رونمائی میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے شرکاء سے سوال کیا کہ کیا ایسا گورنر جیسا کہ ڈاکٹر عشرت العباد ہے اور ایسا ناظم جیسا کہ مصطفیٰ کمال ہے آپ نے ایسا گورنر اور ناظم دیکھا ہے جیسے کے یہ ہیں تو شرکاء نے بھرپور تالیاں بجا کر ان کے اس موقف کی بھرپور تائید کی۔ایک موقع پر الطاف حسین نے کہا کہ ابتداء میں کراچی میں جگہ جگہ سڑکیں کھودی ہوئیں تھیں تو لوگوں نے ان کا نام ہی مصطفیٰ کھدال رکھ دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال با کمال ہے

## رشید جمال کی مرتب کردہ بائیوگرافی ناصر حسین اور عارف حسین سمیت تمام لائبریریوں کو دیں،گورنر سندھ،ناظم کراچی اور ٹاؤن ناظمین کو الطاف حسین کی ہدایت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور ناظم کراچی مصطفیٰ کمال سمیت تمام ٹاؤن ناظمین کو ہدایت کی ہے کہ وہ رشید جمال کی مرتب کردہ بائیوگرافی شہر کی تمام لائبریریوں خصوصاً ناصر حسین اور عارف حسین لائبریریوں کو دیں اس کی قیمت ایم کیو ایم ادا کریگی۔یہ ہدایت انہوں نے منگل کے روز مقامی ہوٹل میں جناب الطاف حسین کی تقریری بائیوگرافی کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کی۔

## الطاف حسین کے علاوہ آپ نے کسی سیاسی رہنماء کو کاغذ میں سموسہ کھاتے، گلیوں اور سڑکوں پر بینر اور پرچم لگاتے نہیں دیکھا ہوگا،فیصل سبزواری

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28،جولائی 2009ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی اور صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے جناب الطاف حسین کی تصویری سوانح بائیوگرافی کی تقریب رونمائی سے بطور میزبان ایک موقع پر کہا کہ سموسہ کھاتے اور قالین پر براجمان قوم نے بہت سے سیاسی رہنماؤں کو دیکھا ہوگا لیکن کسی کو الطاف حسین کی طرح کاغذ میں ایک سموسہ کھانے اور گلیوں وسڑکوں میں بینر اور پرچم لگاتے ہوئے تصویروں میں نہیں دیکھا ہوگا،فیصل سبزواری کی اس بات پر بھی ہوٹل کا ہال دیر تک تالیاں گونجتی رہیں۔

## فیصلہ سازی صرف میرٹ ہی بنیاد پر کریں،الطاف حسین کا ایم کیو ایم کے رہنماؤں کو ہدایت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے رہنماؤں کو ہدایت کی ہے کہ وہ فیصلہ سازی کرتے وقت پسند و ناپسند سے کام نہ لیں بلکہ ہر مسئلہ پر میرٹ کا خیال رکھیں اور فیصلہ سازی صرف میرٹ ہی بنیاد پر کریں۔یہ ہدایت انہوں نے منگل کے روز مقامی ہوٹل میں ہونے والی ایک تصویری بائیوگرافی کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کی۔

## تصویری بائیوگرافی مرتب کرنے پر رشید جمال کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنی تصویری بائیوگرافی کو انہونی قرار دیتے ہوئے بائیوگرافی کے مرتب کرنے والے جواں سال مصنف رشید جمال کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور انکی درازی عمر کے لئے خصوصی دعا کی ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رشید جمال کو ایسے مزید کام کرنے کی ہمت دے۔انہوں نے رشید جمال کو خراج تحسین منگل کے روز مذکورہ بائیوگرافی کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے پیش کی

## حیدرآباد کے حق پرست ناظم کنور نوید جمیل، نائب ناظم ظفر راجپوت، سمیت تمام تعلقہ ناظمین اور کونسلرز کو اپنے اپنے علاقوں میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کروانے پر الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حیدرآباد کے حق پرست ناظم کنور نوید جمیل، نائب ناظم ظفر راجپوت سمیت تمام تعلقہ ناظمین اور کونسلرز کو اپنے اپنے علاقوں میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کرانے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔یہ خراج تحسین انہوں نے منگل کے روز اپنی تصویری بائیوگرافی کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے پیش کیا۔

## حق پرست وزراء کو الطاف حسین کی ہدایت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)28، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست وزراء کو ہدایت کی ہے کہ وہ پیپلز پارٹی کے وزراء کے ساتھ ملکر اندرون سندھ کے دورے کریں اور عوام کی خدمت کریں یہ ہدایت انہوں نے منگل کے روز اپنی تصاویر پر مشتمل بائیوگرافی کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

## سی این جی بس پراجیکٹ کا افتتاح سٹی گورنمنٹ کا ایک اور تحفہ ہے، الطاف حسین
## سی این جی بس پراجیکٹ کے افتتاح پر سٹی ناظم کراچی سمیت تمام حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو خراج تحسین

لندن۔۔۔28، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کے افتتاح پر سٹی گورنمنٹ کراچی کے ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل اور تمام حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت شہر میں بلاتفریق تعمیراتی اور ترقیاتی کام کرانے کے علاوہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے بھی عملی کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی جانب سے سی این جی بس سروس شہریوں کیلئے ایک اور تحفہ ہے اور اس سروس سے نہ صرف شہریوں کو بہتر ماحول میں سفری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ شہر میں ٹریفک نظام میں بھی بہتری پیدا ہوگی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت کے 4 سالہ دور میں کراچی کی ترقی کیلئے جتنے ترقیاتی منصوبے بنائے گئے اس کی مثال نہیں ملتی۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ حق پرست عوامی نمائندے شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کردار ادا کرتے رہیں گے۔جناب الطاف حسین نے سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کے افتتاح پر ایک مرتبہ پھر سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل، سٹی کونسل کے ارکان اور حق پرست قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کراچی کی عوام کو دلی مبارکباد بھی پیش کی

**کراچی سٹی گورنمنٹ کے سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کے آغاز پر صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اختر جدون کی تنقید بلا جواز ہے۔عادل صدیقی**

**سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ سے اختر جدون کو ٹرانسپورٹ مافیا کے مفاد پر ضرب پڑتی دکھائی دے رہی ہے**

**اسی لئے وہ شہری حکومت کے منصوبے کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں**

**اختر جدون کو کراچی اور اس کے شہریوں کا مفاد قطعی عزیز نہیں ہے بلکہ انہیں صرف اور صرف ٹرانسپورٹ مافیا کا مفاد عزیز ہے**

**اختر جدون سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کی ناکامی کی فکر کرنے کے بجائے اپنے محکمہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے پر توجہ دیں**

کراچی۔۔۔۔28 جولائی 2009ء

حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی نے کہا ہے کہ کراچی سٹی گورنمنٹ کے سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کے آغاز پر صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اختر جدون کی تنقید بلا جواز ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی کی سٹی گورنمنٹ نے تو ٹرانسپورٹ کے مسئلے کو حل کرنے اور شہریوں کو سستی اور ماحول دوست سہولت کی فراہمی کیلئے سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کیا ہے جس کا ہر اس شہری کو خیر مقدم کرنا چاہیے جسے کراچی اور اس کے شہریوں کا مفاد عزیز ہے لیکن صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اختر جدون نے شہری حکومت کے اس مستحسن منصوبے کو جس طرح شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے اس سے ثابت ہو گیا ہے کہ اختر جدون کو کراچی اور اس کے شہریوں کا مفاد قطعی عزیز نہیں ہے بلکہ انہیں صرف اور صرف ٹرانسپورٹ مافیا کا مفاد عزیز ہے،سٹی گورنمنٹ کے سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ سے اختر جدون کو ٹرانسپورٹ مافیا کے مفاد پر ضرب پڑتی دکھائی دے رہی ہے اسی لئے وہ شہری حکومت کے منصوبے کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔عادل صدیقی نے کہا کہ اختر جدون سٹی گورنمنٹ کے سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کی ناکامی کی فکر کرنے کے بجائے اپنے محکمہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے پر توجہ دیں۔

**کراچی سٹی گورنمنٹ کی جانب سے سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کراچی کے شہریوں کیلئے**

**ایک اور بڑا تحفہ ہے۔ارکان سندھ اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ**

**کراچی میں ٹرانسپورٹ کے پروجیکٹ ٹرانسپورٹ مافیا اور بیوروکریسی کی ملی بھگت کے نتیجے میں ہمیشہ سرخ فیتے کا شکار رہے**

**عظیم الشان پروجیکٹ کے افتتاح پر ہم سٹی ناظم کراچی مصطفے کمال اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں**

**حق پرست قیادت نے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ شہر کی تعمیر وترقی اور شہریوں کو بہتر سے بہتر سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے**

کراچی۔۔۔۔28 جولائی 2009ء

کراچی سے تعلق رکھنے والے متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ کراچی سٹی گورنمنٹ کی جانب سے سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کراچی کے شہریوں کیلئے اس سال کا ایک اور بڑا تحفہ ہے۔اپنے ایک بیان میں ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ کراچی میں ٹرانسپورٹ کے بڑے بڑے پروجیکٹ کراچی دشمن ٹرانسپورٹ مافیا اور بیوروکریسی کی ملی بھگت کے نتیجے میں ہمیشہ سرخ فیتے کا شکار رہے جس کا سب سے بڑا ثبوت کراچی ماس ٹرانزٹ منصوبہ ہے لیکن کراچی کی حق پرست شہری حکومت نے تمام تر رکاوٹوں اور سازشوں کے باوجود سی این جی بس پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کر کے کراچی کے شہریوں کو ایک اور تحفہ دیا ہے جو کراچی میں ٹرانسپورٹ کے مسئلے کے حل میں معاون و مددگار ثابت ہوگا۔اس عظیم الشان پروجیکٹ کے افتتاح پر ہم کراچی کے شہریوں کی جانب سے سٹی ناظم کراچی مصطفے کمال اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ شہر کی تعمیر وترقی اور شہریوں کو بہتر سے بہتر سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

## شہر کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے حقیقی دہشت گردوں کو استعمال کیا جارہا ہے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## اب تک ایم کیو ایم کے 37 کارکنان اور ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاچکا ہے

## ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن یعقوب اور ہمدرد ہرش کمار اور شاہد محبوب کے بہیمانہ قتل پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔28، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن یعقوب ولد مقبول اور ہمدردوں ہرش کمار اور شاہد محبوب کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گرد ملوث ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جسقم کے چیئرمین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملہ اور جماعت اسلامی کے سابق کونسلر ساجد نذیر کے قتل میں بھی حقیقی دہشت گرد ملوث ہیں اور اب یہ حقیقت کھل کر سامنے آچکی ہے کہ بعض سازشی قوتیں  کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے حقیقی دہشت گردوں کو استعمال کررہی ہیں تاکہ موجودہ حکومت کو غیر مستحکم کرکے جمہوریت کو ڈی ریل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ سات ماہ کے دوران ایم کیو ایم کے 37 بے گناہ کارکنان اور ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاچکا ہے لیکن بے گناہ کارکنان کے قتل کے مسلسل واقعات پر بھی ایم کیو ایم نے صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن یعقوب اور ہمدرد ہرش کمار اور شاہد محبوب کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں حقیقی دہشت گردوں کو استعمال کرنے اور لسانی فسادات کی گھناؤنی سازش کرنے والے ملک دشمن عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## شوکت ترین کے بلا مقابلہ سینیٹر منتخب ہونے پر حق پرست سینیٹرز کی مبارکباد

کراچی۔۔۔28، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے نومنتخب سینیٹر شوکت ترین کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مختلف شعبوں کے ماہرین کا ایوانوں میں آنا خوش آئند ہے۔

## عبدالکریم کے انتقال پر عاشق حسین اسدی سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28/جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن اور شعبہ اطلاعات نیوز کمیٹی کے رکن عاشق حسین اسدی کے چچازاد بھائی عبدالکریم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے عاشق حسین اسدی سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، شعبہ اطلاعات کے ارکان اور ذیلی کمیٹیوں نیوز، ویڈیو اور فوٹو سیکشن کے ارکان نے بھی عاشق حسین اسدی سے ان کے چچا زاد بھائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیوایم کارکن یعقوب شہید اور ہمدرد شاہد محبوب شہید سپرد خاک
## شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین حق پرست نمائندوں اور ایم کیوایم ذمہ داران اور دیگر کی بڑی تعداد میں شرکت ،سوئم بدھ کو ہوگا
## ہرش کمار کی میت آخری رسومات کیلئے ان کے آبائی گاؤں مکھی پاڑو مالی پاڑو ڈگری روانہ کردی گئی

کراچی۔۔۔28جولائی2009ء

پیر کی رات بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن یعقوب شہید اور ہمدرد شاہد محبوب شہید کو منگل کے روز ہزاروں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان بلدیہ ٹاؤن نمبر 7 قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہداء کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر جامع مسجد نور سعید آباد میں ادا کی گئی،نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب،رکن سندھ اسمبلی حنیف شیخ ،بلدیہ ٹاؤن کے ناظم کامران اختر، نائب ٹاؤن ناظم زاہد، یوسی و نائب یوسی ناظمین،کونسلر،ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین،علاقائی سیکٹر و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہداء کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پرپیش کیا اوران کیلئے دعائے مغفرت کی۔قبل ازیں بلدیہ ٹاؤن کے کارکن یعقوب شہید اور ہمدرد شاہد محبوب شہید کا جنازہ جیسے ہی رہائشگاہوں سے اٹھایا گیا پورے علاقے میں کہرام مچ گیا اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے ،ایم کیوایم کے کارکنان اور شہداء کے عزیز واقارب اپنے پیاروں کو دیکھ کر شدید غم سے نڈھال تھے جنہیں موقع پر موجود ایم کیوایم کے ذمہ داران نے دلاسہ دیا اور سینے سے لگایا۔علاوہ ازیں یعقوب شہید اور شاہد محبوب شہید کا فاتحہ سوئم بروز بدھ بعد نماز عصر صلاح الدین ایوبی مسجد سعید آباد میں ہوگا جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے ،خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ کا اہتمام شہداء کی رہائشگاہوں پر ہے۔دریں اثناء بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونیوالے ایم کیوایم کے ہمدرد ہرش کمار کی میت ان کی آخری رسومات کیلئے ان کے آبائی گاؤں مکھی پاڑو مالی پاڑو مین ڈگری شہر روانہ کردی گئی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ جہان آباد کے جوائنٹ انچارج عبدالحق کی والدہ سکینہ بی بی،سانگھڑ زون یوسی 1 شہداد پور کے محمد اسلم بھٹی کے والد محمد اسماعیل بھٹی،ایم کیوایم سکھر زون یوسی A-8 کے کارکن فرحان احمد کی والدہ شازیہ امتیاز،ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر خدا کی بستی یونٹ کے کارکن حسین بابر کی ہمشیرہ نسیم،ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے شہید کارکن رفیق قادری کی والدہ بلقیس بانو،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکنان آصف اعظم اور ظفر اعظم کے والد محمد اعظم،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 151 کے کارکن ارشد ملک کے بھائی وکی ملک اور ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن واجد علی کے بھائی سید شاہد علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔( آمین )

## آزاد کشمیر میں سیاحوں کے ساتھ بدسلوکی کے مرتکب پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے گی،طاہر کھوکھر
## سیاحت کے فروغ میں رکاوٹیں ڈالنے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا،صحافیوں سے گفتگو

مظفرآباد۔۔۔28جولائی2009ء

آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر وزیر سیاحت سپورٹس کلچر وامور نوجواناں طاہر کھوکھر نے آزاد کشمیر کے انٹری پوائنٹس پر پولیس اہلکاروں کی جانب سے سیاحوں کیساتھ بدسلوکی کی شکایات پر کاسختی سے نوٹس لیتے ہوئے انٹری پوائنٹس پر تعینات پولیس اہلکاروں کے خلاف کاروائی کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بیرون ملک سے آزاد کشمیر آنے والے سیاحوں کے آزاد کشمیر میں داخلے کے عمل کو آسان بنانے کی حکمت عملی طے کرنے کیلئے معاملہ آئندہ بین الصوبائی وزرائے سیاحت اجلاس میں اٹھایا جائے گا اور سیاحت کے فروغ میں رکاوٹیں ڈالنے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مظفرآباد میں اخباری نویس اور میڈیا کے

نمائندوں سے بات چیت کے دوران کیا۔وزیر سیاحت طاہر کھوکھر نے کہا کہ کوہالہ سمیت مختلف مقامات سے آزاد کشمیر میں داخل ہونیوالے سیاحوں کیساتھ پولیس اہلکار توہین آمیز برتاؤ کرتے ہیں جس کی متعدد شکایات وزارت سیاحت کو موصول ہو چکی ہیں،کوہالہ برارکوٹ اور دیگر انٹری پوائنٹس پر پولیس اہلکار سیاحوں کی شناختی پریڈ کرتے ہیں اور تلاشی کے نام پر خواتین اور سیاحوں کے ساتھ توہین آمیز برتاؤ کرتے ہیں جبکہ دورانِ تلاشی متعدد قیمتی اشیاء ضبط کرنے کے علاوہ کئی بار رشوت وصول کرنے کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں جن پر کاروائی کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو آگاہ کر دیا ہے اور کاروائی کی تجویز دی ہے۔انہوں نے کہا کہ بیرون ملک سے آنے والے سیاحوں کو آزاد کشمیر میں داخلہ کی اجازت نہیں دی جاتی اور انہیں این اوسی کے ایک لمبے طریقہ کار سے گزارا جاتا ہے جس پر متعدد سیاح آزاد کشمیر میں سیاحت کے بغیر ہی واپس چلے جاتے ہیں۔انہوں ے مزید کہا ہے کہ بیرون ملک سے آزاد کشمیر آنے والے سیاحوں کے آزاد کشمیر داخلے کے عمل کو آسان بنانے کے لیے وزارت داخلہ سے رابطہ کیا جا رہا ہے علاوہ ازیں یہ معاملہ آئندہ بین الصوبائی وزرائے سیاحت کے اجلاس میں بھی اٹھایا جائیگا۔سیاحوں کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔بہت جلد سیاحوں کی سہولت کیلئے شکایات سیل قائم کیا جا رہا ہے تاکہ سیاحوں کو درپیش مشکلات اور شکایات کا ازالہ کیا جا سکے۔

☆☆☆☆☆